حضرت عثمان غنیؓ، اہل اسلام کیلئے روشن مینار

خلفائے راشدین کے اسوہ پر عمل کی تلقین۔ مولانا ممشاد پاشاہ کا قبل نماز جمعہ خطاب

حیدرآباد، 21رجون۔(ایس این بی) اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ پر ایسی عظیم ہستیاں عطا فرماتے ہوئے احسان فرمایا جن کی زندگیاں ہمارے لئے روشن مثال ہیں اور تاریخ میں جن کا بلند مقام ہے۔ انہی عظیم ہستیوں میں سے منفرد خصوصیات کی حامل شخصیت حضرت عثمان غنیؓ ہیں۔ آپؓ عشرہ مبشرہ میں سے ایک ہیں۔ آپؓ کا شمار حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب شوریٰ میں بھی ہوتا ہے۔ آپؓ کے فضائل میں بکثرت احادیث وارد ہیں جن سے آپکی شان اور بارگاہِ رسالت میں آپ کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے، امت مسلمہ میں کامل الحیاء والایمان کے الفاظ آپ کی ہی شان میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نبیرۂ حضرت سید زرد علی شاہ مہاجر مکی مولانا سید محمد علی قادری الہاشمی ممشاد پاشاہ بانی وصدر مرکزی مجلس قادریہ نے جامع مسجد خواجہ گلشن، مہدی پٹنم اور مسجد محمودیہ ناغڑ، یاقوت پورہ میں قبل از جمعہ اپنے خطاب میں کیا۔ مولانا ممشاد پاشاہ نے کہا کہ حضرت عثمان غنیؓ کا سلسلہ نسب پانچویں پشت میں حضور اقدسؐ سے ملتا ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے عرب کے شریف زادوں کی طرح بڑے نازونعم میں پرورش پائی اور مروجہ علوم وفنون کی تحصیل کے بعد اپنے آبائی پیشہ تجارت سے وابستہ ہوگئے اور اپنی دیانت وراست بازی کی وجہ سے بہت جلد ترقی کرکے قریش کے دولت مند لوگوں کی صف میں شامل ہوگئے، آپؓ کے خمیر میں اخلاقِ عالیہ، صفات حمیدہ، عادات شریفہ اور خصائل کریمہ شامل تھے۔ عہد جاہلی کے معصیت شعار ماحول میں بھی آپ کا کردار بت پرستی، شراب نوشی، جوابازی، بدکاری جیسے مذموم کاموں سے پاک رہا۔ حضرت ابوبکرؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت زید بن حارثہؓ کے بعد اسلام قبول کرنے والوں میں حضرت عثمان غنیؓ کا چوتھا نمبر ہے۔ قبول اسلام کے کچھ ہی عرصہ بعد حضور اقدسؐ نے اپنی شہزادی حضرت سیدہ رقیہؓ کا نکاح آپؓ سے کردیا، بعد ازاں آپ نے اپنی اہلیہ کیساتھ حبشہ کی جانب ہجرت فرمائی، حضور اقدسؐ نے فرمایا! عثمان پہلے شخص ہے جنہوں نے حضرت ابراہیم ولوط علیہما السلام کے بعد مع اپنے اہل بیت کے ہجرت کی، جب حضور اقدسؐ نے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی تو آپؓ بھی مدینہ منورہ چلے آئے، جہاں آپؓ نے اسلام اور مسلمانوں کیلئے گرانقدر کارنامے انجام دیے۔ جب حضرت سیدہ رقیہؓ کا وصال ہوگیا تو آپؐ نے اپنی دوسری شہزادی حضرت سیدہ ام کلثومؓ کا نکاح بھی حضرت عثمان غنیؓ سے کردیا، پوری کائنات میں حضرت عثمان غنیؓ وہ واحد شخصیت ہیں جن کے نکاح میں نبی کی دو بیٹیاں دی گئیں، اسی لئے آپ کو ذوالنورین کہا جاتا ہے۔ سنن ترمذی میں لکھا ہے کہ حضور اقدسؐ نے ایک شخص کی نماز جنازہ اس لیے چھوڑ دی کہ وہ حضرت عثمان غنیؓ سے بغض رکھتا تھا جس وجہ سے اللہ نے بھی اسے اپنی رحمت سے دور کر دیا۔ غنیؓ حضرت عثمانؓ کا ایک لقب ہے اور اس لقب کے آپ پوری طرح مستحق بھی تھے۔ روز اسلام سے روز وفات تک کوئی جمعہ ایسا نہ گزرا کہ آپ نے کوئی غلام آزاد نہ کیا ہو۔ مشکل حالات میں آپؓ نے مسلمانوں کے لیے ان کی روزمرہ کی ضروریات کو پورا کیا، خصوصاً ٹھنڈے میٹھے پانی کے کنویں وقف کیے، غزوات میں اسلحہ، سواریاں اور فوجی راشن کا بندوبست کرنا اور زمین خرید کر مسجد نبوی کی توسیع کرنا آپؓ کی امتیازی شان ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کی شہادت کے بعد آپ خلیفہ ہوئے، مشکل ترین حالات میں عہدہ خلافت قبول کیا لیکن آپؓ کی فراست، سیاسی شعور اور بہتر حکمت عملی کی بدولت اسلام کو خوب تقویت ملی۔ آپؓ کے دور خلافت میں لاتعداد فتوحات ہوئیں اور اسلامی سلطنت وسیع سے وسیع تر ہوگئی۔ اسلامی تاریخ میں آپ کی شہادت کو مظلوم شہادت کے نام سے جانا جاتا ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ کی زندگی کا ہر پہلو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ عالمِ انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے۔ آپؓ کی سیرت کے مطالعہ سے یہ درس ملتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی خاطر راہ حق میں پیش آمدہ تکالیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنا اور امت کو انتشار سے بچانا اور اس کے اتحاد کی فکر کرنا صحابہ کرام کی سنت ہے، حضرت عبداللہ بن سلامؓ فرماتے ہیں کہ وقت شہادت حضرت عثمان غنیؓ کی زبان پر اللہ کے حضور یہ دعا جاری تھی اے اللہ امت محمدیہ کو باہمی اتفاق نصیب فرما۔ حضرت عثمان غنیؓ کے اقوال ہماری زندگیوں میں فکر اور سوچ کی نئی راہیں کھولنے اور نئی سمتوں کی طرف رہنمائی میں مددگار ہیں۔

عثمان غنی رض

ریاست میں ٹماٹر کی قیمت نے سنچری مکمل کرلی

پیداوار میں کمی، طلب میں اضافہ

حیدرآباد، 21رجون۔(ایس این بی) ریاست میں ٹماٹر کی قیمت 100 روپے مکمل کر چکی ہے۔ تلنگانہ میں ٹماٹر کی پیداوار بڑی حد تک گھٹ گئی۔ طلب کے مطابق مارکٹ میں سربراہی نہ ہونے سے ٹماٹر کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوگیا ہے۔ تین چار دن قبل تک 60/70 روپے فی کیلو فروخت ہونے والا ٹماٹر اب 100 روپے فی کیلو فروخت ہورہا ہے۔ قیمتوں میں مزید اضافہ کے اندیشے ہیں۔ عام طور پر حیدرآباد بوئن پلی مارکٹ کو روزانہ 5 ہزار کنٹل ٹماٹر پہنچتا ہے۔ 96 فیصد ٹماٹر پڑوسی ریاستوں سے حاصل ہوتا ہے۔ تلنگانہ میں صرف 3.34 فیصد پیداوار ہوتی ہے تاہم 19 جون کو ہول سیل مارکٹ کو صرف 2 ہزار 125 کنٹل ٹماٹر پہنچا ہے جس میں تلنگانہ کے ٹماٹر صرف 71 کنٹل ہیں باقی آندھرا پردیش، کرناٹک اور مہاراشٹرا سے آیا ہے۔ گجویل، میڑچل، ظہیرآباد، تو پران، وقارآباد، شاہ میر پیٹ، سدی پیٹ، بھونگیر اور گدوال سے جو ٹماٹر آتا تھا وہ نہیں آرہا ہے۔

قرآن مجید میں عروج وزوال کے واقعات سے درس عبرت حاصل کرے

''قرآن کا نظریہ عروج وزوال۔ عصر حاضر کے تناظر میں'' عنوان پر ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد کا لکچر

حیدرآباد، 21رجون۔(پریس نوٹ) قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنی کبریائی کا اعلان کیا ہے اور جنت و دوزخ کا تذکیرہ کیا ہے وہیں قرآن کریم میں قوموں کے عروج و زوال کے اسباب و محرکات کو تفصیلی انداز میں بیان کیا ہے۔ خاص طور پر قوم بنی اسرائیل کے حالات کا جائزہ لیتے ہوئے قرآن گواہی دیتا ہے کہ اس قوم کو اللہ تعالیٰ نے ایک عرصہ دراز تک سیادت وقیادت اور حکومت واقتدار کے اعلیٰ منصب پر فائز کیا لیکن جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے احکامات سے روگردانی کی اور انبیاء کرام کی تعلیمات کو جھٹلانا شروع کر دیا تو انہیں مشیتِ یزدی کے تحت ذلت ونکبت اور زوال وانحطاط سے دوچار ہونا پڑا۔ ذلت ورسوائی ان کا مقدر اسلئے بن گئی کہ ان کا پورا معاشرہ ظلم و طغیان اور استکبار وسرکشی کا بدترین مظاہرہ کررہا تھا۔ وہ قوم جو مختلف انعامات سے نوازی گئی تھی یک بیک یہ ساری نعمتیں ان سے چھین لی گئیں۔ قرآن مجید میں قوم عاد وثمود کی تباہی وبربادی کی داستانیں بیان کی گئیں ہیں۔ سابقہ قوموں کے انجامَ کار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کفار مکہ کو بھی تنبیہ کی گئی کہ وہ ان قوموں کا طرز عمل اختیار نہ کریں جو قہرِ خداوندی کا موجب بنتا ہے۔ قرآن مجید میں قوموں کے عروج وزوال کے واقعات کو بیان کرنے کا مقصد دراصل قیامت تک روئے زمین پر بسنے والی قوموں کو اس بات سے آگاہ کرنا ہے کہ انسانی ہیئت اجتماعیہ کی فلاح وخسران کا دارومدار اللہ پر کامل ایمان لانے اور اس کے بتائے ہوئے طریقہ پر چلنے پر منحصر ہے۔ جو قومیں ایمانِ کامل، عمل صالح، تواصی بالحق اور صبر کی تلقین کرتی ہیں ان کیلئے ربِّ ذوالجلال کی طرف سے کامیابی اور سربلندی لکھ دی گئی ہے۔ جو قومیں ان اوصافِ عالیہ سے محروم رہیں گی ان کے لئے ترقی وعروج کے سارے دروازے بند رہیں گے۔ عصر حاضر کے تناظر میں امت مسلمہ اپنا جائزہ لے تو پتہ چل جائیگا کہ مسلمانوں کے زوال کے اسباب وعلل کیا ہیں۔ ان خیالات کا ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سابق اسوی ایٹ پروفیسر سیاسیات نے کانفرنس ہال، جامع مسجد عالیہ، گن فونڈری میں تاریخ اسلام کی 1027 ویں نشست میں "قرآن کا نظریہ عروج وزوال۔ عصر حاضر کے تناظر میں" کے عنوان پر لکچر دیتے ہوئے کیا۔ قانونِ قدرت کے تحت کوئی قوم ذلت وپستی سے نکل کر عروج و بلندی کی اعلیٰ مدارج کو طے کرتی ہے، پھر وہ اپنے جاہ وجلال کا جھنڈا لہر کر منظر عام سے غائب ہوجاتی ہے۔ تاریخ کے کسی دور میں کسی قوم کو دوامی کامیابی نہیں ملی۔ قوموں کے عروج وزوال کے کچھ اسباب ہوتے ہیں جس کا تذکیرہ قرآن مجید میں کیا گیا۔ قوموں کے ارتقاء وانحطاط کا راز تعلیم وتربیت میں مضمر ہے۔ قرآن مجید اس ضمن میں بار بار تاکید کی گئی۔ نبی اکرمؐ پر جو پہلی وحی نازل ہوئی وہ علم سے متعلق تھی۔ لیکن آج مسلمان علمی میدان میں کوئی کارہائے نمایاں انجام دیتے نظر نہیں آرہے ہیں۔ اسی طرح قوموں کے اخلاق وکردار ان کی ترقی وکامیابی کا زینہ ہوتے ہیں۔ اخلاقی پستی اور گھٹیا کردار قوموں کو قیادت کے منصب سے دور کردیتا ہے۔ قرآن نے وعدہ کیا کہ زمین کے وارث اس کے نیک بندے ہوں گے۔ صلاحیت اور صالحیت کے ذریعہ ہی عصر حاضر کے چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ قرآن کریم تفکر وتدبر کی تلقین کرتا ہے۔ امت مسلمہ قرآن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھے تو پھر ایک بار وہ دنیا کی امامت وقیادت کے منصب پر فائز ہوسکتی ہے۔

شہر میں بارش۔ عوام کو راحت

حیدرآباد، 21 جون (ایس این بی) حیدرآباد میں جمعہ کی سہ پہر موسلا دھار بارش ہوئی، جس سے گرمی سے بہت زیادہ راحت ملی اور موسم ٹھنڈا ہوگیا۔ بارشوں نے ان رہائشیوں کو مہلت دی جو حالیہ دنوں میں سیلاب سے نبرد آزما ہیں۔ صبح سے ہی بادل چھائے ہوئے تھے اور بارش بالآخر شہر بھر میں پھیل گئی۔ موسلا دھار بارش کی وجہ سے ایل بی نگر، عابڈس، بشیر باغ، جوبلی ہلز، بنجارہ ہلز، پنج گٹہ، ہائی ٹیک سٹی، مہدی پٹنم، راجندر نگر اور اولڈ سٹی جیسے علاقوں میں ٹریفک کی رفتار سست رہی۔ محکمہ موسمیات نے حیدرآباد میں اگلے دو دنوں یعنی 22 اور 23 جون تک ہلکی بارش کی پیشن گوئی کرتے ہوئے الرٹ جاری کیا ہے اور بعض علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ تین روز تک ریاست بھر میں ہلکی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ عادل آباد، نرمل، نظام آباد، اور کاماریڈی اضلاع میں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہواؤں کے ساتھ بھاری بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں بارش کی وجہ سے درجہ حرارت میں کمی آئی ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔

موسم برسات میں بلاتعطل میٹرو ٹرینیں چلانے کا اعلان

حیدرآباد، 21 جون (ایس این بی) جاریہ موسم برسات میں بلاتعطل میٹرو سرویسیس کو یقینی بنانے کی خاطر مینجنگ ڈائرکٹر میٹرو نے سینئر انجینئرس کو مشورہ دیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور آپریشنس پر 24 گھنٹے گہری نظر رکھیں۔ انہوں نے جائزہ اجلاس کے دوران عہدیداروں کی جانب سے اختیار کردہ ماقبل مانسون احتیاطی تدابیر کی ستائش کی اور کہا کہ وہ مسافرین میں شعور پیدا کرنے کیلئے مزید مہم چلائیں اور انہیں یہ بتائیں کہ کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں کرنا چاہئے۔ مسلسل برقی کی سربراہی اہم ہے ٹی جی ایس پی ڈی سی ایل کیساتھ تال میل کے ذریعہ متبادل الکٹرک فیڈرس سے فی الفور استفادہ کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔

نارائنا کالج میں کرنٹ لگنے سے طالب علم کی موت

حیدرآباد، 21 جون (ایس این بی) نارائنا کالج کا ایک طالب علم بجلی کا جھٹکا لگنے سے المناک طور پر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ یہ واقعہ حیات نگر پولیس اسٹیشن کے دائرہ اختیار میں آنے والے کوہڈا نارائنا کالج میں انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایر کا طالب علم گریش کمار شامل ہے۔ پولیس رپورٹس کے مطابق گریش نے دیررات ہاسٹل کی دیوار پر چڑھ کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ بھاگنے کی کوشش کے دوران، اس نے غلطی سے ہائی وولٹیج بجلی کی تاروں کو چھولیا، جس کے نتیجے میں اس کی فوری موت ہوگئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے گریش کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے عثمانیہ اسپتال منتقل کردیا ہے۔

اے پی کے نئے ڈی جی پی نے عہدہ کا جائزہ لیا

حیدرآباد، 21 جون (ایس این بی) چودھری دوارکا ترملا راؤ نے آندھرا پردیش کے نئے ڈی جی پی کے طور پر باضابطہ طور پر اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ ذمہ داری سنبھالنے کی تقریب ڈی جی پی آفس منگلاگیری میں ہوئی جہاں ڈی جی پی آفس کے عملے میں توسیع کی گئی۔ ترملا راؤ کو ان کی مبارکباد۔ چارج سنبھالنے سے پہلے ڈی جی پی ترملا راؤ اور ان کی شریک حیات نے اندرا کیلا دری مندر کا دورہ کیا۔ مندر کے اہلکاروں نے روایتی مندر کے رسم ورواج کے مطابق ان کا استقبال کیا اور دیوتا کے درشن کی سہولت فراہم کی۔ مندر کے حکام نے انہیں ایک پرساد، ایک اوشیش اور دیوتا کی ایک تصویر نعمت کے نشان کے طور پر پیش کی۔

زبان سے اللہ تعالیٰ کا ذکر مبارک عظیم نعمت

مولانا حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علما تلنگانہ وآندھرا کا صحافتی بیان



حیدرآباد، 21رجون۔(ایس این بی) حضرت مولانا حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علما تلنگانہ وآندھرا پردیش نے اپنے صحافتی بیان میں کہا کہ تمہاری زبان برابر اللہ کے ذکر میں تر بتر رہنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ زبان سے اللہ تعالیٰ کا ذکر مبارک ایسی عظیم نعمت ہے جس کی بدولت انسان آخرت میں اعلیٰ سے اعلیٰ درجات سے نوازا جائیگا، اور دنیا میں شیطان لعین کی ریشہ دوانیوں اور فتنہ سامانیوں سے محفوظ رہے گا۔ ایک روایت میں وارد ہے کہ شیطان آدمی کے دل میں اپنی سونڈ رکھے رہتا ہے، پس اگر وہ اللہ کے ذکر میں مشغول ہو تو وہاں سے اپنی سونڈ ہٹا لیتا ہے اور اگر آدمی اللہ کی یاد سے غافل ہو تو اس کا دل اپنے منہ میں رکھ لیتا ہے، یعنی اپنے وساوس وخیالات دل میں بھر دیتا ہے۔ اسلئے ہر مسلمان کو کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے رہنا چاہئے، اور ہماری زبانیں اٹھتے بیٹھتے اور چلتے اللہ تعالی، کے مبارک ذکر میں تر رہنی چاہیئے۔ ایک شخص نے پیغمبرا کے پاس آکر عرض کیا کہ حضرت دین کے بہت سے مسائل میرے سا باد منے آچکے، اب کوئی ایسی بات مجھے بتادیجئے جس پر میں مضبوطی بڑا سے عمل پیرا ہوسکوں، تو نبی اکرمؐ نے اس کو نصیحت فرمائی کہ کریم کی تلاوت یا دینی کتابوں کے مطالعہ وغیرہ میں لگا کر کارآمد کے بنایا جاسکتا ہے۔ یہ بھی ہوگا جب ہمیں آخرت اس کی زندگی کی فکر ہوگی، اور دنیا کی نام نہاد لذت کوشیوں کے مقابلہ میں آخرت کی راحتوں کے حصول کا داعیہ دل میں ہوگا۔ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ شیطان لعین پوری انسانیت کا دشمن ہے، وہ ہمیں ہمارے رب سے دور کر کے اس کی رحمت سے محروم کردینا چاہتا ہے، اسکی یہ سازش اسی وقت ناکام ہوگی جب ہم کثرت سے اللہ کی یاد اور اس کے ذکر میں مشغول رہیں۔ ذکر اللہ ہی شیطان کے مقابلہ کیلئے تیر بہدف نسخہ ہے، ذکر ہی سے دلوں کو سکون ملتا ہے اس سے ہرگز غفلت نہ برتنی چاہیئے، اللہ رب العزت نے قرآن پاک میں فرمایا الذین امنوا ولمن قلوبھم بذکر اللہط الا بذکر اللہ من القلوب وہ لوگ جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمنان ہوتا ہے، خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر سے دل کو اطمینان ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالی ہم سب کو اس کی توفیق سے نوازیں اور ذکر کی حلاوت اور برکات سے بہت سے احادیث شریفہ میں کثرت سے ذکر واذکار کرنے فضائل اور ترغیبات وارد ہوتی ہیں۔ ذکر کا قدر فائدہ ہے کہ زبان سے اس کی تفصیل بیان نہیں کی جاسکتی بعض روایات میں ہے کہ اہل جنت کو اگر کوئی غم ہوگا تو صرف یہ ہوگا کہ دنیا میں خالی لمحات ذکر سے خالی کیوں گزر گئے، وہاں جب ایک ایک مرتبہ سبحان اللہ اور الحمد للہ کہنے کا عظیم ثواب نظر آئے گا جب اس کی قدر معلوم ہوگی۔ مگر افسوس کا مقام ہے ہم اپنے بیشتر اوقات فضول اور لغو گفتگو، جھک یازیوں اور واہیات مشاغل میں ضائع کردیتے ہیں اور ہمیں ان عظیم نقصانات کا احساس تک نہیں ہوتا، بالخصوص سفر کے دوران ٹائم پاس کرنے کے بہانے سے یا تو مخرب اخلاق ناولوں اور میگزینوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے، یا گانے وغیرہ سن کر اوقات کو برکیا جاتا ہے، اسی طرح آج کی نوجوان نسل رات کا ایک بہت حصہ سیل وفون میں اور دوستوں سے غیر ضروری باتیں کرکے گزار دیتے ہیں حالاں کہ ان خالی اوقات کو تسبیحات یا قرآن فراز فرمائیں۔

آج بزم حسان کڈپہ کا 14 واں کل ہند طرحی مشاعرہ

کڈپہ، 21رجون۔(ای میل) بزم حسان کڈپہ کے زیر اہتمام ۱۴ واں کُل ہند طرحی مشاعرہ بروز ہفتہ 22رجون بعد نماز مغرب بمقام جامعتہ الاصالحات کڈپہ الماس پیٹ، عقب دفتر روزنامہ وارتا کڈپہ شہر آندھرا پردیش میں زیر نگرانی کڈپہ اسلامک ویلفیئر سوسائٹی مقرر ہے۔ جناب اسحاق علی بانی وصدر بزم حسان کڈپہ اسلامک ویلفیئر سوسائٹی صدارت فرمائیں گے۔ جناب راہی فدائی جید عالم دین، شاعر ونقاد، محقق مہمان خصوصی ہوں گے۔ جناب پروفیسر ستار ساحر سابق رجسٹرار ڈاکٹر عبدالحق اردو یونیورسٹی کرنول مہمانان اعزازی ہیں۔ جناب سردار ساحل لکچرر یوگی ویمنا یونیورسٹی کڈپہ نظامت کے فرائض انجام دیں گے۔ بیرونی شعرائے کرام میں ڈاکٹر امام قاسم ساقی، ہاشم طلیق، خلیل جانب رائچوٹی، عارف امینی کدری، عظمت علی عظمت کرنول، ظہور ظہیرآبادی حیدرآباد شامل ہیں۔ میزبان شعرائے کرام میں محمود شاہد، ڈاکٹر وصی اللہ بختیاری، اختر کڈپوی، غوث خاں عارف، امتیاز ثاقب، دانش چنوری، ڈاکٹر خواجہ پیر مخلص، اسماعیل سید، خلیل خان خلیل، سردار ساحل، سعید خاں سعید، یونس طیب، ظہیر دانش عمری، تابش ربانی، صادق ولی صادق، محبوب یوسف زائی، مقبول احمد مقبول، اثر حامد، انور ہادی جنیدی کلام سنائیں گے۔ نوٹ: تمام شعراء سے التماس ہے کہ عصر تک مشاعرہ گاہ تشریف لائیں اور اپنی طرحی غزل کی ایک کاپی کنوینر کے حوالے کردیں۔ تمام شرکا کیلئے عشائیہ کا انتظام رہیگا۔

درس قرآن

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) مسجد جامعہ حرا علی نگر، جہاں نما میں 23رجون بروز اتوار کو بعد نماز فجر مولانا مفتی عبدالرحمٰن سلمان عمری کامل فقہ جامعہ نظامیہ درس قرآن دیں گے اور سوالات کے جوابات دیں گے نماز فجر ٹھیک 5 بجے ہوگی۔ مزید معلومات فون نمبر 9959580025 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

ماہانہ محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) ماہانہ محفل نعت پاکؐ 18 ذی الحجہ مطابق 25 جون بروز منگل کو بعد عشاء روشن منزل علی نگر بیرون علی آباد میں مقرر ہے داعی محفل محمد عباس نقشبندی نے نعت خواں حضرات واہل ذوق اصحاب سے شرکت کی اپیل کی ہے مزید معلومات فون نمبر 9885087105 پر حاصل کرسکتے ہیں

ماہانہ فاتحہ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) حضرت مولانا ابوالحسن محمد معزالدین شاہ مجددی قادری نقشبندی چشتیؒ امام وخطیب مسجد فخر السلام (عالم وفاضل، جامعہ نظامیہ) بعد نماز عشاء محفل نعت 9:30 بجے شب وبعد 10 بجے شب محفل سماع منعقد ہوگی۔ بتاریخ 16 ذی الحجہ 1445ھ مطابق 23 رجون 2024 بروز اتوار بعد محفل تبرک وطعام ماحضر آپ سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔ جمیع وابستان سلسلہ معتقدین سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے، بمقام موبروگلی چاچا گیاریج تالاب کٹہ میں مقررہ ہے۔ زیر نگرانی حضرت مولانا صوفی محمد علی الدین شاہ مجددی قادری نقشبندی چشتی عرفانی کرینگے۔

آج ماہانہ مجلس فیضان خواجہ مرزا محمد بیگؒ

حیدرآباد، 21رجون (راست) ماہانہ مجلس فیضان حضرت خواجہ مرزا محمد بیگؒ واقع احاطہ درگاہ حضرت سردار بیگ قبلہؒ آغا پورہ کمان بھوئی گوڑہ میں 22رجون بروز ہفتہ مقرر ہے جس میں بعد مغرب محفل سماع ہوگی۔ مولانا محمد کلیم اللہ شاہ چشتی مرزائی سجادہ نشین نگرانی کریں گے۔

آج ماہانہ فاتحہ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) ماہانہ فاتحہ حضرت سید نا بابا بہاؤالدین سہروردیؒ واقع خواجہ گوڑہ منی کونڈہ میں 15رذی الحجہ مطابق 22رجون کو بعد نماز ظہر مقرر ہے جس میں تبدیلی غلاف مبارک و چادرگل پیش کی جائیگی۔ حضرت شاہ محمد رحیم الدین شکیل سہروردی سجادہ نشین حضرت بابا فخرالدینؒ سہروردی المعروف میٹھے شاہ ولی کی سرپرستی میں محمد غوث قادری رضوی سہروردی سجادہ نشین مراسم انجام دینگے۔ مزید معلومات 9700019544، 9949816279 پر حاصل کریں۔

ماہانہ مجلس فیضان دولہے پاشاہؒ

حیدرآباد، 21رجون (راست) ماہانہ مجلس حضرت خواجہ اسعد حسین ہارونی مدنی سلطانی المعروف حضرت دولہے پاشاہ قبلہ 23رجون بروز اتوار کو اندرون درگاہ حضرت مرزا سردار بیگ آغا پورہ مقرر ہے، مولانا الحاج سید شاہ نظام الدین ہارونی سجادہ نشین نگرانی کریں گے۔ جس میں مغرب محفل سماع ہوگی۔

563واں عرس گھوڑواڑی شریف

حیدرآباد، 21رجون (راست) 563واں عرس حضرت سید اسماعیل شاہ قادریؒ واقع گھوڑواڑی شریف تعلقہ ہمنا آباد ضلع بیدر میں 6 اور 7 جولائی کو مقرر ہے۔ عرس کی تیاریاں جاری ہیں خادم درگاہ شریف محمد خلیل احمد ایڈوکیٹ نے بتایا کہ 6 جولائی بروز ہفتہ کو صندل شریف اور 7 جولائی بروز اتوار کو چراغاں، جلسہ فیضان اولیاء، محفل سماع ہوگی۔ شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

سالانہ فاتحہ

حیدرآباد، 21رجون (راست) پیرا ماؤنٹ کالونی ٹولی چوکی خطیب صاحب کے مکان پر 19رذی الحجہ بروز جمعرات مفسر قرآن حافظ الحدیث افضل العلماء مولانا حافظ و قاری خطیب سید محمد عبدالقدیر نقشبندیؒ سالانہ فاتحہ وعرس شریف مقرر ہے بعد نماز عصر فاتحہ خوانی و چادرگل نگرانی مولانا مفتی ڈاکٹر صوفی سید شاہ محمد عبدالمستجب قادری نقشبندی کامل الفقہ جامعہ نظامیہ خطیب مسجد حسینی کریں گے مریدین ومعتقدین شرکت فرمائیں۔

ماہانہ طرحی مشاعرہ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) ظفر فاروقی کی اطلاع کے بموجب ادارہ ادب اسلامی شہر حیدرآباد چھتہ بازار کا ماہانہ طرحی مشاعرہ ان شاء اللہ اتوار 23رجون رات نو بجے دفتر جماعت اسلامی چھتہ بازار پر بطرح اب وہ خیرات میں دیتے ہیں اجالے مجھ کو قافیہ نوالے سمنھالے اور ردیف مجھ کو ہوگی اس مشاعرے کی صدارت ممتاز شاعر ادیب صحافی سردار سلیم کی ہوگی مدعو شعراء ؎ سے کلام سنانے اور باذوق سامعین سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

تلنگانہ اردو اکیڈیمی کے صدر وسکریٹری اردو اکیڈیمی کے تمام اسکیموں کو ٹھپ کرنے کے درپر: عثمان رشید

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) اردو جرنلسٹس اسوسی ایشن کے صدر سید عثمان رشید نے اپنے ایک صحافتی بیان میں کہا ہے کہ تلنگانہ اسٹیٹ اردو اکیڈیمی کے صدر و سکریٹری اردو اکیڈیمی کے تمام اسکیموں کو ٹھپ کرنے کے درپر ہے۔ کوئی اسکیم روبہ عمل لانے سے قاصر ہے۔ اردو کے چھوٹے اخبارات و نیوز ایجنسیوں کی گرانٹ ایک عرصہ سے روکی ہوئی ہے جس کو حاصل کرنے میں عہدار ٹال مٹول کررہے ہیں۔ فیانس میں ہے الیکشن کوڈ کہتے ہوئے مہینوں نکال دیئے ابھی تک گرانٹ دینے کا نام نہیں ہے۔ ارباب مجاز سے گزارش ہیکہ اقلیتی ادارے کے بل فوراً جاری کریں اردو اکیڈیمی نہ کے برابر ہوگئی ہے اور اردو نیوز ایجنسیوں کو کمپیوٹر نہیں دیئے گئے وہ بھی ختم ہوگئے۔ گورنمنٹ مدد کرنا چاہتی ہے مگر ادارہ اس کو نظر انداز کرکے اپنی مرضی چلا رہا ہے نئی اسکیمات لانا چاہیے اردو کے کمپیوٹر سنٹرس شہر واضلاع میں قائم تھے وہ بھی ختم کردیئے گئے۔ کمپیوٹر اردو سیکھ کر لڑکے ولڑکیاں اپنا روزگار بنا سکتے تھے۔ آج حیدرآباد اردو داں کا شہر ہے بہت سخت ضرورت ہے اردو DTP کی۔ شہر کے اردو روزنامہ جات میں بھی اردو کمپیوٹر آپریٹر کی ضرورت ہے آج ایک عرصہ سے اردو کے چھوٹے اخبارات والے پریشان ہیں گذارش ہیکہ ارباب مجاز اس پر توجہ دے کر اردو والوں کی پریشانی دور کریں۔

شہر میں عالمی صحت تنظیم اشتراک مرکز

حیدرآباد، 21رجون۔(ایس این بی) ایک انوکھی کامیابی حاصل ہوئی ہے اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین میڈیکل ہیریٹیج گڈی انارم کو 4 سال کی مدت کیلئے عالمی صحت تنظیم کی جانب سے تنظیم کے اشتراک مرکز کے طور پر نامزد کیا گیا ہے تاکہ روایتی طریقہ علاج کے بارے میں تحقیق کی جاسکے۔ این آئی آئی ایم ایچ جو سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان آیورویدک سائنسیس وزارت آیوش کے تحت آتا ہے اس سے پہلے عثمانیہ میڈیکل کالج میں تھا اور اسے نیشنل سنٹر آف انڈین میڈیکل ہیریٹیج کے طور پر جانا پہچانا جاتا تھا۔

آج عرس شریف حضرت پیران شاہ ولیؒ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) عرس شریف حضرت پیران شاہ ولیؒ 22رجون کو بمقام پیران چیرو نزد شاداں میڈیکل کالج بعد نماز عصر متولی کے مکان سے جلوس صندل عاشق رسول مولوی سید شاہ باشاہ قادری، سید احمد شاہ قادری، سید عبدالرحمٰن قادری کی نگرانی میں صندل شریف برآمد ہوگا بعد نماز مغرب صندل مالی، گل افشانی غلاف مبارک وعطر پیش کیا جائیگا۔ بعد فاتحہ خوانی وسلام بارگاہ اقدس حضور اکرمؐ پیش کیا جائیگا بعد جلسہ فیضان اولیاء منعقد ہوگا جس میں عاشقان اولیاء کے خطابات ہونگے۔ 23رجون کو چراغاں بعد نماز عشاء محفل سماع ہوگی۔ نورانی محفل میں شرکت کی خواہش ہے۔

توفیق میوزیکل نائٹ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) توفیق کلچرل اینڈ ویلفیر سوسائٹی کے زیر اہتمام بروز اتوار 23رجون کو 6:30 بجے شام گاندھی بھون گیٹ نمبر 1 ایم 3 اسٹوڈیو نامپلی میں عید میلاپ پروگرام توفیق میوزیکل نائٹ محمد توفیق پیش کریں گے۔ جس میں محمد رفیع صاحب مرحوم کے یادگار نغمے پیش کئے جائیں گے۔ اس پروگرام میں سنگر محمد توفیق کے علاوہ بیگ شاہ منظور، مکیش، محمد نواز، احمد رسول، عبدالقدیر، سیمول، محبوب خان اور نینا خان آواز کا جادو جگائیں گے۔ داخلہ کی عام اجازت رہے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے فون نمبر 9951078094 پر ربط کیا جاسکتا ہے۔

ایک شام احباب کے نام کل ہند مشاعرہ

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) ایک شام احباب کے نام کل ہند مشاعرہ کا انعقاد 29رجون، بروز ہفتہ، بمقام خواجہ شوق ہال، اردو مسکن، خلوت میں عمل میں لایا جارہا ہے۔ سردار سلیم صدارت کریں گے۔ مہمان خصوصی کی حیثیت سے قاضی رضوان الرحمٰن صدیقی (گلبرگہ شریف) شرکت کریں گے۔ مہمان شعراء وشاعرات کی حیثیت سے قمر سرور (احمد نگر)، انجم عروج (ناگپور)، پرمیلا کرن (اٹارسی)، نسرین حمزہ علی (بیدر)، کریم الدین سدھارتھ نگری (ممبئی)، فضل تمنا پوری (گلبرگہ)، فاروق ساحل (تانڈور)، قیوم یاور (تانڈور)، مسرور نظامی (بسواکلیان)، مقیم باگ (بسوا کلیان)، ڈاکٹر نوید عبدالجلیل (ظہیرآباد)، فیاض علی سکندر (سداسیو پیٹ) شرکت کریں گے جبکہ میزبان شعراء وشاعرات شاعر خلیج جلیل نظامی، سیف نظامی، عارف سیفی، وحید پاشاہ قادری، سمیع اللہ سمیع، مہک کیرانوی، طیب پاشاہ قادری، پروفیسر عبدالسمیع صدیقی نعیم، صبیحہ تبسم اور رفیعہ نوشین ہوں گے۔ نظامت کے فرائض ڈاکٹر معین افروز اور محمد فیاض علی سکندر انجام دیں گے۔ کنوینر مشاعرہ شکیل ظہیرآبادی نے محبان اردو سے شرکت کی گذارش کی ہے۔

مسجد عمر شاہ فلک نما کو مالی اعانت کی اپیل

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) مسجد عمر شاہ عادل شاہ کالونی فلک نما منڈل راجندر نگر کی انتظامی کمیٹی نے اہل خیر حضرات سے مسجد کے تعمیری کاموں میں تعاون کی اپیل کی ہے۔ جناب محمد عامر علی نائب صدر کے مطابق مسجد کے تعمیری کاموں میں سمنٹ 150 تھیلے، ریتی 40 میٹرک ٹن نیز مزدوری وغیرہ کے لئے سرمایہ کی اشد ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔ نیز جانمازوں اور مسجد کیلئے پنکھوں کی بھی سخت ضرورت ہے۔ کیونکہ مصلیان کی بڑی تعداد اور علاقہ میں غریب اور متوسط طبقہ کے عوام رہتے ہیں اس لئے تعمیری ضروریات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل جاری کی گئی ہے۔ مزید معلومات فون نمبر 6305143170 پر عطیات آن لائن جمع کرواسکتے ہیں۔

اکاؤنٹنگ پیاکیجس آٹوکیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) طلبہ و طالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند وخود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹوکیڈ، ایم ای پی، کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین و طالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ٹائمس کالج چار مینار، اندرون بس اسٹانڈ پر صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک یا فون نمبر 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

متنازعہ فلم 'ہم بارہ' کو بعض تبدیلیوں کیساتھ ریلیز کرنے کی ممبئی ہائی کورٹ کی اجازت

حیدرآباد، 21رجون۔(ایس این بی) شریعت اسلامی کی غلط ترجمانی پر مبنی متنازعہ فلم 'ہم بارہ' کی ریلیز کو بمبئی ہائیکورٹ نے ہری جھنڈی دکھا دی ہے۔ ہائیکورٹ نے فلم میں بعض تبدیلیوں کی ہدایت دی جس سے پروڈیوسر نے اتفاق کرلیا جس کے بعد جمعہ سے فلم کی ریلیز کی اجازت دی گئی۔ جسٹس بی کولاباوالا اور جسٹس فردوس پونیوالا پر مشتمل ڈیویژن بنچ نے کہا کہ عدالت کی تجاویز کے مطابق فریقین نے فلم میں بعض تبدیلیوں سے اتفاق کرلیا ہے۔ فلم میں جو تبدیلیاں کی جائیں گی اُن میں قرآنی آیات کی غلط توضیح سے متعلق ڈائیلاگس کو حذف کرنا شامل ہے۔ ڈویژن بنچ نے کہا کہ اُنھوں نے فلم کا مشاہدہ کیا جس میں سماجی پیام دینے کی کوشش کی گئی ہے تاہم فلم میں بعض مناظر اور ڈائیلاگس قابل اعتراض ہیں۔ عدالت کا احساس ہے کہ تبدیلیوں کے بعد جاری کی جانے والی فلم سے مسلمانوں کے جذبات مجروح نہیں ہوں گے۔ عدالت نے فریقین کو تبدیلیوں پر اتفاق رائے کا مشورہ دیا۔ عدالت کے احکامات کے مطابق شرعی قوانین کے بارے میں انگلش اور ہندی میں 12 سکنڈ کے دو علیحدہ ڈسکلیمر شامل کئے جائیں گے اور ناظرین کو یہ پیام دیا جائے گا کہ شرعی قوانین سے فلم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ فلم کے 2 مکالمے اور فلم کے آغاز پر قرآنی آیات کی تلاوت کو بھی حذف کرنے کی ہدایت دی گئی۔ سنٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن کی جانب سے ایک نیا سرٹیفکٹ جاری کیا جائیگا۔

جناب محمد یوسف سرور کا انتقال

حیدرآباد، 21رجون۔(راست) محمد یوسف سرور عرف شاہد سرکار ولد محمد اسماعیل سرور مرحوم ساکن لنگر حوض نیتاجی نگر کالونی کا بعمر 52 سال بروز جمعہ 21 جون کی صبح قلب پر حملہ کے باعث انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ بروز جمعہ، بعد نماز عصر مسجد بنی ہاشم سردار باغ، لنگر حوض میں ادا کی گئی اور تدفین لنگر حوض قبرستان میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں اہلیہ شامل ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے ان کے بھائی محمد خالد سرور سے 9849006049 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ٹمریز میں مسلم طلبہ کے صد فیصد داخلوں کو یقینی بنانے کی مہم شروع کرنے کا مشورہ

تحفظات کی بدولت 20 سال سے تعلیم اور روزگار میں مسلمانوں کا انقلابی دور۔ محمد علی شبیر کا بیان

حیدرآباد، 21رجون۔(میڈیا پلس) جناب محمد علی شبیر مشیر خصوصی حکومت تلنگانہ اے ایس سی، ایس ٹی، بی سی اینڈ مائنارٹیز نے مسلم نمائندوں، علمائے کرام، این جی اوز کو مشورہ دیا کہ وہ تلنگانہ مائنارٹیز ریذنشیل اسکولس میں مسلم طلبا اور طالبات کے صد فیصد داخلوں کو یقینی بنانے کے لئے مہم شروع کریں۔ جناب محمد علی شبیر نے اردو اکیڈیمی جدہ، حیدرآباد چیاپٹر کے ایک وفد سے بات چیت کے دوران ان کو مشورہ دیا کہ وہ ٹمریز میں بچوں کو داخلہ یقینی بنانے کیلئے گھر گھر مہم چلائیں۔ 204 ٹمریز اسکولس میں مسلم طلبہ کے داخلے کم ہورہے ہیں، ان اسکولس میں مفت تعلیم، یونیفارم، قیام وطعام کی بہترین سہولتیں ہیں۔ تعلیمی معیار بہتر ہے، اور کئی مسابقتی امتحانات میں ان بچوں کے رزلٹس حوصلہ افزاء ہیں۔ اگر مسلم طلبہ کے داخلے کم ہونگے تو ان اسکولس کا مستقبل غیر یقینی ہوجائے گا۔ جناب محمد علی شبیر جو متحدہ ریاست آندھرا پردیش میں مسلمانوں کو تعلیم اور روزگار میں تحفظات کے چمپئن ہیں، بتایا کہ گذشتہ 20 برس کے دوران ہزاروں مسلم لڑکے لڑکیاں نہ صرف پروفیشنل کالجس میں تعلیم حاصل کرسکے ہیں بلکہ اعلیٰ عہدوں پر بھی تحفظات کی بدولت فائز ہوئے ہیں۔ اس سال گورنمنٹ، پرائیوٹ نان مائناریٹی، اور مائناریٹی میڈیکل کالجس میں 1120 مائناریٹی اسٹوڈنٹس کو داخلہ ملا، ان میں 714 طالبات ہیں۔ بی ڈی ایس گورنمنٹ، پرائیوٹ نان مائناریٹی پرائیوٹ مائناریٹی کالجس میں 354 مائناریٹی طلبا وطالبات کو داخلہ ملا۔ مائناریٹی طالبات کی تعداد 298 ہے۔ قبل ازیں اردو اکیڈیمی جدہ کے وفد نے جناب محمد علی شبیر کو اردو میڈیم کے میرٹ کی اساس پر کامیاب میٹرک کے طلبہ کو گولڈ میڈلس کی پیشکشی کے فنکشن میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی دعوت دی۔ یہ فنکشن 22رجون کی شام مدینہ ایجوکیشن سنٹر میں منعقد ہوگا۔ وفد میں محمد ابراہیم صدر، سلیم فاروقی سکریٹری، احمد محی الدین نائب صدر کے علاوہ ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز اور سید خالد شہباز شامل تھے۔

GHMC
گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
سرکل۔2، اپل
مورخہ: 20-06-2024

این آئی ٹی نمبر	کام کا نام	تخمینی لاگت	تاریخ آغاز ررسید اخذ کرنے کی قطعی تاریخ	دفتر کا نام اور پتہ فون نمبر
ٹنڈر نوٹس این آئی ٹی نمبر 03/EEC-2 / UPL /GHMC/2024-25 Dated : 20-06-2024	نلا چیرو، وارڈ نمبر 10 اپل، اپل سرکل۔2، جی ایچ ایم سی، میں پانی کی گہرائی کیلئے صفائی کرنے ہٹاچی کی فراہمی۔ ایک عدد کام	10.00 لاکھ روپے	25-06-2024 12:00 بجے دن	شری ایل ناگیندر، ای ای ایگزیکیٹیو انجینئر، اپل ڈویژن نمبر 2، جی ایچ ایم سی

مزید تفصیلات کیلئے ای پروکیورمنٹ ویب سائٹ https://tender.telangana.gov.in@ پر ملاحظہ کریں۔ ایگزیکیٹیو انجینئر، سرکل۔2، اپل، جی ایچ ایم سی
R.O.No.969-PP/CL/ADVT/1/2024-25